© rasailojaraid.com

دونوں کتابوں کے ٹائیٹل بڑے جاذبِ نظر ہیں اور ان کی طباعت میں بڑے اہتمام سے کام لیا گیا ہے جن کے باعث یہ کتابیں بڑی صوری خوبیوں کی حامل ہو گئی ہیں۔

اتنی توجہ سے طبع ہونے والی ان دونوں کتابوں میں ہمیں عربی متن کی چند غلطیاں نظر آتی ہیں جن کا درست کرنا ضروری ہے۔ اگلے ایڈیشن میں انہیں درست کر دینا چاہیے۔

بچوں کے لیے قرآن میں:-

صفحہ ۵۲ پر لفظ السَّلٰم میں لٰ پہ ایک الف زائد لکھا گیا ہے۔

صفحہ ۶۷ پر لفظ کانوا میں الف کتابت میں رہ گیا ہے۔

صفحہ ۹۲ پر لفظ محسنون میں ح پہ ایک غلط نقطہ لگ گیا ہے۔

صفحہ ۱۲۵ پہ لفظ سوءٔ میں ایک الف زائد درج ہو گیا ہے۔

اور صفحہ ۱۵۶ پہ لفظ اخطانا میں الف پہ جزم نہیں لکھا گیا۔

اسی طرح بچوں کے لیے حدیث میں بھی چند اغلاط موجود ہیں۔

صفحہ ۴۲ پہ یُقَبِّلَهٗ میں لَ مضموم چاہیے۔

صفحہ ۴۳ پہ تصافحوا میں الف کتابت میں رہ گیا ہے۔

صفحہ ۵۰ پہ یَتَبَدَّعُ میں دَ پہ حرکت درج نہیں ہو سکی۔

صفحہ ۶۱ پہ سَأَای میں چھوٹا الف سَ پہ نہیں الف پہ چاہیے۔

بچوں کے لیے قرآن ۱۶۰ صفحات کی کتاب ہے۔ بچوں کے لیے حدیث ۱۵۲ صفحات کی۔ ہر کتاب کی قیمت ساڑھے پانچ روپے ہے جو زیادہ ہے۔ ہمارے خیال میں تعمیرِ سیرت کے سلسلے میں یہ دونوں کتابیں بہت مفید رہیں گی۔ لہٰذا ان کی اشاعت خوب ہونی چاہیے۔

---

**کلامِ حکیم** | مرتبہ: ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی۔

ناشر:- ادارہ ثقافت اسلامیہ - لاہور

یہ کتاب ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم مرحوم کی شعری تخلیقات کا منتخب مجموعہ ہے جسے یونیورسٹی اورینٹل کالج لاہور کے شعبۂ اُردو کے اُستاد ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی صاحب نے ترتیب دیا اور جون ۷۳ء

© rasailojaraid.com